# Pakistan Tehreek-e-Insaf
**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کا سابق وزیر اعظم عمران خان اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو بے بنیاد سائفر کیس کے غیر منصفانہ ٹرائل کے ذریعے نشانہ انتقام بنانے کے مذموم سلسلے کو فوری بند کرنے کا مطالبہ

**29 جنوری 2024**

- سائفر مقدمہ ہر لحاظ سے من گھڑت، بے بنیاد اور بانی چیئرمین عمران خان اور وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کا ایک قابلِ مذمت وسیلہ ہے۔
- سائفر کیس میں عمران خان اور شاہ محمود قریشی کو آرٹیکل 10 اے کے تحت مسلسل غیر منصفانہ اور غیر آئینی ٹرائل کا نشانہ بنائے جانے کی حقیقت قوم پر عیاں ہو چکی ہے۔
- سائفر کیس کے ٹرائل کو عدالت کی جانب سے دو دفعہ کالعدم قرار دیا جانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ اس مقدمے اور ٹرائل کی کوئی قانونی حیثیت نہیں رہی۔
- سائفر کے جعلی اور من گھڑت مقدمے کے تمام حقائق انٹرنیشنل میڈیا کی جانب سے بھی سامنے لائے جا چکے ہیں۔
- عدالتی فیصلوں کے باوجود سائفر کیس کی غیر منصفانہ کارروائی کو جاری رکھنا عمران خان اور شاہ محمود قریشی کے خلاف ریاست کے منفی عزائم کی عکاسی کر رہا ہے۔
- توشہ خانہ کی طرز پر ایک اور جھوٹے مقدمے میں کی جانے والی متعصبانہ عدالتی کارروائی کے ذریعے سنائی جانے والی سزا کی حیثیت ننگے انتقام سے بڑھ کر کچھ نہیں ہو گی۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

- ایک مضحکہ خیز مقدمے میں آئین اور انصاف کا قتل کرتے ہوئے سنائی گئی کسی بھی سزا کو یہ قوم ہرگز قبول نہیں کرے گی۔
- غیر آئینی ٹرائل کی صورت میں کی جانے والی سائفر کیس کی کارروائی کو فوری طور پر ختم کیا جائے اور عمران خان اور شاہ محمود قریشی کو فوری رہا کیا جائے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ